**بینک دولت پاکستان**

**شعبہ ملکی بازار اور زری انتظام**

**آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی**

**ڈی ایم ایم ڈی سرکلر نمبر 16 برائے 2019ء** 	**25 جون 2019ء**

صدور / چیف ایگزیکٹوز

تمام بینک / پرائمری ڈیلرز

محترم / محترمہ،

**فلوٹنگ ریٹ (رواں شرح) پاکستان انویسٹمنٹ بانڈز**

براہ مہربانی مذکورہ موضوع پر ڈی ایم ایم ڈی سرکلر نمبر 09 بتاریخ 07 مئی 2018ء ملاحظہ کیجیے، جس میں فلوٹنگ ریٹ (رواں شرح) پاکستان انویسٹمنٹ بانڈز کے اجرا کے بارے میں مفصل ہدایات اور دیگر آپریشنل تفصیلات واضح کی گئی تھیں۔

منافع کی شرح کے تعین کے حوالے سے ہدایات میں درج ذیل تبدیلیاں کی گئی ہیں:

| ب۔ منافع کی شرح کا تعین | | |
|---|---|---|
| **حوالہ نمبر** | **موجودہ ہدایت** | **نئی ترمیم شدہ ہدایت** |
| ب۔1 | فلوٹنگ ریٹ پی آئی بیز پر منافعکی شرح بنچ مارک ریٹ جمع / نفی نیلامی میں طے کیے گئے مارجن کے برابر ہوگی۔ بینچ مارک ریٹ چھ ماہ کے مارکیٹ ٹریژری بلز (ایم ٹی بیز) کے منافع کی شرح بہ وزن اوسط (ویٹڈ ایورج ییلڈ) ہو گا، جس کا تعین فلوٹنگ ریٹ پی آئی بی کی نیلامی اور / یا منافع مدت کے آغاز سے پہلے منعقد ہونے والی تازہ ترین چھ ماہ کے ایم ٹی بی کی کامیاب نیلامی میں کیا گیا ہو۔ | فلوٹنگ ریٹ پی آئی بیز پر منافع کی شرح بنچ مارک ریٹ جمع / نفی نیلامی میں طے کیے گئے مارجن کے برابر ہو گی۔ بینچ مارک ریٹ چھ ماہ کے مارکیٹ ٹریژری بلز (ایم ٹی بیز) کے منافع کی شرح بہ وزن اوسط (ویٹڈ ایورج ییلڈ) ہو گا، جس کا تعین فلوٹنگ ریٹ پی آئی بی کی نیلامی اور / یا منافع مدت کے آغاز سے پہلے منعقد ہونے والی تازہ ترین چھ ماہ کے ایم ٹی بی کی کامیاب نیلامی کی قاطع شرح (کٹ آف) کے ذریعے کیا گیا ہو۔ **اگر چھ ماہ کے ایم ٹی بیز کی تازہ ترین نیلامی مسترد ہو جائے یا مارکیٹ کی طرف سے کوئی شراکت نہ ہو تو منافع مدت کے آغاز سے پہلے کے آخری پانچ ایامِ کار کے لیے قابلِ اطلاق چھ ماہ کے PKRV (121 تا 180 ایام) کی اوسط شرح بطور متبادل بنچ مارک استعمال کی جائے گی۔** |

فلوٹنگ ریٹ پی آئی بیز کے تمام موجودہ اور نئے اجرا کے آئندہ منافع جات کے تعین کے لیے درج بالا ہدایات کو فوری طور پر نافذ کیا جائے گا۔

اس موضوع پر دیگر تمام ہدایات من و عن لاگو رہیں گی۔

**آپ کی مخلص،**

**(رضوانہ رفعت)**
**سینئر جوائنٹ ڈائریکٹر**